# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

## سیکنڈری کورس

## 2022-23

विद्याधनम् सर्वधर्म प्रधानम्

**NIOS**


نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ

A-24-25 انسٹی ٹیوشنل ایریا، سیکٹر 62، نوئیڈا۔201309 (اتر پردیش)

Website : www.nios.ac.in | www.nos.org

Toll free No. 18001809393

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

## عزیز طلباء

اب آپ نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ (NIOS) کے سیکنڈری کورس کا مطالعہ شروع کر دیا ہے۔ جیسا کہ آپ پہلے ہی سے جانتے ہیں کہ کامیابی کے ساتھ کورس کی تکمیل کے لیے ضروری ہے کہ منصوبہ بند انداز میں مسلسل مطالعہ جاری رکھا جائے۔ آپ کی آموزش اور کامیاب آموزگار بننے کے لیے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ کے ذریعے امدادی مواد مہیا کرانے کے لیے مختلف وسائل اور حکمت عملی اختیار کی گئی ہے۔ ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ (TMA) اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔

## TMAs آپ کی مدد اس طرح کرے گا کہ:

☆ آپ میں باقاعدہ مطالعہ کرتے رہنے کی عادت بیدار ہو جائے جو آپ کو خود آموز متعلّم (Self learner) بنانے کے لیے ضروری ہے۔

☆ آپ مواد مضمون کو بہتر طور پر سمجھ سکیں؛ سوالات کے تحریری جواب دینے کی مشق کے ذریعہ ایک طریقہ سے فائنل امتحان کی مشق پہلے ہی سے آپ کر سکیں۔

☆ آپ کو اساتذہ کا فیڈ بیک حاصل ہو جائے اور آپ کے ذریعہ دیے جانے والے جوابات کے صحیح ہونے کی تصدیق ہو جائے۔

☆ آپ نے جس مضمون کو اختیار کیا ہے اس کے مطالعے میں اپنی پیش رفت کی جانچ کر سکیں اور اس طرح آپ مضمون کے کسی مواد میں مشکلات پیش آنے پر یہ پتہ کر سکیں کہ ان کے بہتر مطالعے کے لیے زیادہ کوشش کیے جانے کی ضرورت ہے؛ اور

☆ آپ تسلیم شدہ ادارے (AI) سے متعلق مختلف مضامین کے اساتذہ سے ملاقات کر کے ان سے حسب ضرورت مناسب رہنمائی حاصل کر سکیں۔

## TMAs کے لیے جوابی اسکرپٹ کیسے تیار کی جائے؟

آپ کو اپنے ڈیش بورڈ پر ہر مضمون میں ایک اسائنمنٹ ملے گا۔ آپ کو صرف منتخب مضامین میں اسائنمنٹ کو اپنی خود کی تحریر میں مکمل کرنا ہوگا۔ TMA کے لیے جوابی شیٹ تیار کرنے کے لیے یکطرفہ لائن والے کاغذ کا استعمال کیجیے اور تیار جواب شیٹ کو اپنے ڈیش بورڈ کے ذریعہ آن لائن جمع کیجیے۔

## TMA کا فارمیٹ (تیار کرنے کا انداز)

آپ دیکھیں گے کہ TMA دراصل 20 نمبر کا ہوتا ہے۔ سوال نمبر 1، سوال نمبر 2 اور نمبر 3 چھوٹے چھوٹے جوابات والے ہوتے ہیں۔ ہر سوال کے دو۔متبادل دیے گئے ہیں جن میں سے آپ کو صرف ایک سوال کا جواب دینا ہے یعنی 6=2+2+2 مارکس۔ اس طرح سوال نمبر 1، نمبر 2 اور نمبر 3 کے کل 6 نمبر کے ہوتے ہیں۔

سوال نمبر 4 اور 5 طویل جواب والے سوالات ہیں اور ہر ایک 4 نمبر کا ہے۔ آپ کو دیے گئے دو متبادل میں سے صرف ایک کا جواب لکھنا ہے۔ اس طرح سوال نمبر 4 اور 5 دونوں کل 8 نمبر کے ہیں۔ (4+4=8)

سوال نمبر 6 دو پروجیکٹوں پر مشتمل ہوتا ہے جن میں سے آپ کو صرف ایک پروجیکٹ تیار کرنا ہوتا ہے۔ یہ سوال 6 نمبر کا ہوتا ہے۔

ہر ایک پروجیکٹ ورک کے لیے رہنما اصول سوال کے ساتھ ہی دیے گئے ہیں۔

## TMAs جمع کرنا

سیکنڈری کورس کے TMAs کو آن لائن میں جمع کرنے کا شیڈول دونوں ایڈمیشن بلاک کے لیے ذیل میں دیا گیا ہے:

**جدول نمبر 1**

| پبلک امتحان | متعلّم کے ذریعہ مرکز مطالعہ کے ذریعہ | متعلقہ مضمون استاد کے ذریعہ طالب علم کو فیڈ بیک (تجویز) |
|---|---|---|
| اپریل/مئی | 31/جنوری | 15/فروری |
| اکتوبر/نومبر | 31/جولائی | 15/اگست |

اگر جمع کرنے کی آخری تاریخ کو عوامی چھٹی/ ہفتہ/ اتوار ہے تو اگلے ورکنگ ڈے (کام کے دن) کو خود بخود آخری تاریخ سمجھا جائے گا۔

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کا پورا فائدہ اٹھانے کے لیے برائے کرم درج بالا تاریخ کا خاص خیال رکھیں۔ ٹی ایم اے ان کے لیے قابل اطلاق ہوتا ہے جنھوں نے آن لائن کے اسٹریم 1 میں داخلہ لیا ہو۔ انھیں یہ TMA مضمون کے پبلک امتحان میں بیٹھنے سے پہلے جمع کر دینا چاہیے۔ سیکنڈری امتحان میں ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کے لیے پبلک امتحان میں 20 فیصد نمبر متعین کیے گئے ہیں۔ ان نمبروں کو ہر مضمون کے خارجی پرچۂ امتحان کے ساتھ مارک شیٹ میں الگ سے دکھایا جائے گا۔

ہر ایک تعلیمی سال کے لیے TMA کتابچہ کا ایک نیا سیٹ آپ کے ڈیش بورڈ پر دستیاب ہے۔ براہِ کرم یاد رکھیے کہ آپ کو اپنے ڈیش بورڈ کے ذریعہ سے ہی TMA کو جمع کرنا ہے اور یہ NIOS کی ویب سائٹ یعنی nios.ac.in پر دستیاب ہے۔

آپ اپنے درست شدہ ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کا مطالعہ بغور کیجیے اور انہیں اپنی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے استعمال کیجیے۔

☆ آپ ہر مضمون میں فراہم کردہ مطالعاتی مواد کے اسباق کو دوبارہ پڑھیے۔

☆ رابطہ (PCP) کلاسوں میں حاضری دیتے ہوئے ٹیچر کے ذریعہ اپنے شبہات یا ان مسائل کا حل نکالیں۔ جن کا سامنا آپ دوران مطالعہ کرتے ہیں۔

☆ مطالعات کے لیے زیادہ وقت دیں۔

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کے متعدد فوائد کو دیکھتے ہوئے یہ ممکن ہے کہ آپ کامیاب طالب علم بننے کے لیے ان کا بہتر طور پر استعمال کریں۔

اگر آپ کو اس سلسلہ میں کوئی شبہ ہو یا آپ کی کوئی تجویز ہو تو براہِ کرم ہمیں لکھنے میں نہ ہچکچائیں۔

## تعلیم آپ کے دروازے پر

NIOS آپ کے مطالعے میں مدد فراہم کرنے کے مقصد سے متعدد پلیٹ فارم مہیا کرتا ہے۔ یہ ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| • سویئم (Swaym) | : | Study webs of active learning for young aspiring minds ان میں سے ایک ہے یہ وزارت برائے انسانی وسائل، حکومت ہند کے ذریعہ شروع کیا گیا ایک موکس ( MOOC Massive open online courses ) پلیٹ فارم ہے۔ موجودہ طور پر این آئی او ایس سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری دونوں ہی سطحوں پر موکس پیش کرتا ہے، موکس کو ربع دائرہ نظریے کا استعمال کرتے ہوئے تیار کیا گیا ہے، یہ ہیں پی ڈی ایف میں متن، ایک تدریسی ویڈیو، خود قدر شناسی مشقوں؛ اور فورم برائے بحث آپ خود ہی www.swaym.gov.in پر جا کر خود بغیر کسی فیس کے اندراج کر سکتے ہیں۔ |
| • دکشا (Diksha) | : | Digital infrastructure of school education وزارت تعلیم حکومت ہند کی ایک خاص پہل ہے جو ڈیجیٹل شکل میں معیاری تعلیمی وسائل مواد تک کی پہونچ کو ممکن بناتا ہے۔ این آئی او ایس دکشا پورٹل کا ایک سرگرم معاون ہے۔ NIOS کے سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری سطحوں پر مختلف کورسز کے ڈیجیٹل خود آموزشی مواد اس ڈیجیٹل ذخیرے پر دستیاب ہیں۔ NIOS کے ڈیجیٹل آموزشی مواد تک رسائی https://diksha.gov.in/nios پر کی جا سکتی ہے۔ |
| • ای۔ودیا ( E-Vidya) | : | ای ودیا مطالعے کا ایک اور ذریعہ ہے۔ یہ اپنے سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری سطح پر 7×24 ویڈیو پروگرام فراہم کرتا ہے۔ لائیو ویڈیو یو رابطہ پروگرام مختلف مضامین ای۔ ودیا پر دستیاب ہیں۔ NIOS چینل 10 پر سیکنڈری سطح کے لیے تعلیمی پروگرام اور چینل 12 پر سینئر سیکنڈری پروگرام فراہم کرتا ہے۔ اس پہل کے ذریعہ آپ کہیں بھی خاطور پر ان دور دراز کے علاقوں جہاں انٹرنیٹ کی رسائی نہیں ہے پڑھائی کر سکتے ہیں۔ آپ اس پروگرام کو NIOS کے یوٹیوب چینل پر دیکھ سکتے ہیں۔ |
| • مکت ودیاوانی Mukta Vidya Vani | : | مکت ودیاوانی مزید مدد کی آپ کی ضرورت کی قدر کرتا ہے۔ NIOS آپ کے دروازے پر تکنالوجی کا جادو بھی پیش کرتا ہے۔ مکت ودیاوانی ہماری ویب پر مبنی PCPs کی تکمیل اور خود آموزشی مواد کی تکملہ کرتا ہے۔ یہ آپ کے مضامین کے ماہرین کے ساتھ تعامل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ آپ ہمارے ٹول فری نمبر 43 18025 1800 پر کال کے ذریعہ اپنے استفسار اور شکوک کو دور کر سکتے ہیں۔ |

آپ کا PCPs کا لائیو پروگرام رہ جاتا ہے تو دہراؤ کے دور میں ریکارڈ شدہ ورژن یا آڈیو آن ڈیمانڈ پر سن سکتے ہیں۔ NIOS کے ویڈیو پروگرام آپ کے یوٹیوب پر بھی دستیاب ہیں۔

| نشریاتی ذریعہ | نشریاتی وقت | ہم سے رابطہ کریں |
|---|---|---|
| مکت ودّ دیاوانی<br>www.nios.ac.in | دوشنبہ تا جمعہ<br>12.00 بجے دوپہر تا 4.00 بجے شام<br>(لائیو پروگرام)<br>4.00 شام تا صبح 11.00 بجے تک (دوبارہ نشریات)<br>نوٹ: ماہانہ شیڈول کی پابندی کریں۔<br>(ویب سائٹ پر دستیاب ہے) | ہمیں اس پتے پر لکھیں:<br>مکت ودیاوانی<br>muktvidyavani@nios.ac.in<br>ٹول فری نمبر: 1800-1802543<br>لینڈ لائن: 0120-4626949 |

- اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں تو آپ ہمارے ٹول فری نمبر 1800-1809393 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔
  www.nios.ac.in کے ذریعہ متعلق ماہر مضمون سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

نیک خواہشات کے ساتھ

ڈائریکٹر (اکیڈمکس)

نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ

# فہرست


| نمبر شمار | مضمون | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1. | ریاضی | 211 | 1-3 |
| 2. | سائنس اور ٹکنالوجی | 212 | 4-6 |
| 3. | سماجی سائنس | 213 | 7-8 |
| 4. | معاشیات | 214 | 9-10 |
| 5. | کاروباری مطالعات | 215 | 11-12 |
| 6. | ہوم سائنس | 216 | 13-14 |
| 7. | نفسیات | 222 | 15-16 |
| 8. | ہندوستانی ثقافت اور وِرثہ | 223 | 17-18 |
| 9. | کھاتہ داری | 224 | 19-20 |
| 10. | پینٹنگ | 225 | 21-22 |
| 11. | ڈیٹا انٹری آپریشنز | 229 | 23-25 |

# Mathematics

# ریاضی

# (211)

# (TMA)

کل نمبر: 20

نوٹ:

(i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) پُنیت اپنے BMI کو صحیح کرنے کے لیے صبح کے وقت سیر کرنے کے لیے جاتا ہے۔ وہ ہر روز اپنے قدموں کا اوسط نوٹ کرنے کے لیے فِٹنیس ایپ کا استعمال کرتا ہے۔ اس کے ایک ہفتہ کے نتائج ذیل کی جدول میں دیے گئے ہیں۔ [سبق-23 دیکھیے]

| اتوار | سنیچر | جمعہ | جمعرات | بدھ | منگل | پیر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 3500 | 3000 | 2700 | 3200 | 2300 | 2800 | 4000 |

(i) پنیت کے ذریعہ ایک ہفتہ میں چلے گئے قدموں کی تعداد معلوم کیجیے۔

(ii) ہفتہ کے کون سے دن اس نے سب سے زیادہ قدم چلے؟

(iii) ہفتہ میں اس نے اوسطاً کتنے قدم چلے؟

(b) ریاضی کے استاد نے دس طلبا سے بلیک بورڈ پر کثیر رکنی لکھنے کے لیے کہا۔ نتائج ذیل کے جدول میں دیے گئے ہیں۔ [سبق-3 دیکھیے]

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| $x^2 + 1$ | $x - 3$ | $x^3 + x^2 + 1$ | $x^4 + x^2 + 1$ | $x^4 + 1$ |
| $4x + 3$ | $4x - 3$ | $x^2 - 2x + 1$ | $2x^3$ | $5x^3 - x^2$ |


(i) کتنے طلبا نے مکعبی کثیر رکنی تحریر کیے؟

(ii) کثیر رکنی $x^2 - 2x + 1$ کو $x + 1$ سے تقسیم کیجیے۔

2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) عددی خط پر نقاط O، A، B، C، D، E اور F بالترتیب 0,1,2,3,–1,–2,–3 کو ظاہر کرتے ہیں۔ نقطہ B پر OB کے عمودی 'BB اس طرح کھینچیے کہ BB'=1unit ہو۔ O کو مرکز مان کر اور 'OB کو نصف قطر لے کر ایک قوس بنایئے جو عددی خط کو P پر قطع کرتا ہے۔ OP کی لمبائی معلوم کیجیے۔ [سبق-1 دیکھیے]


(b) بلیرڈ بال کے راستے کو تیر کے نشان کی مدد سے X سے H تک دکھایا گیا ہے۔ XY اور ZH متوازی راستے ہیں۔ a، b، c، d اور e زاویوں کی قدر معلوم کیجیے۔ طریقہ عمل کو دکھایئے اور وجہ بیان کیجیے۔ [سبق-10 دیکھیے]




3۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ایک چار ضلعی ABCD میں AO اور BO بالترتیب ∠A اور ∠B کے ناصف ہیں۔ ثابت کیجیے کہ $\angle AOB = \frac{1}{2}(\angle C + \angle D)$


[سبق-13 دیکھیے]





(b) اگر $x + \frac{1}{x} = 5$ ہے تو $x^3 + \frac{1}{x^3}$ کی قدر معلوم کیجیے۔ [سبق-3 دیکھیے]

4۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) شکل میں $AB \parallel CD$، $\angle A = 155°$، $\angle E = 135°$ اور $\angle FCD = x°$ ہے۔ $x$ کی قدر معلوم کیجیے۔ [سبق-12 دیکھیے]





(b) شکل میں ABC ایک مثلث ہے جس میں $\angle A = 80°$، $\angle C = 60°$، $\angle B = 2x°$، $\angle BDC = y°$ ہے۔ BD اور CD بالترتیب ∠B اور ∠C کی تنصیف کرتے ہیں۔ $x$ اور $y$ کی قدر معلوم کیجیے۔ [سبق-14 دیکھیے]




5۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) دی ہوئی شکل میں اگر DE||BC اور BE||DF ہے تو ثابت کیجیے کہ $\frac{EF}{FB} = \frac{CE}{EB}$




(b) AB اور CD دائرے کے دو وتر اس طرح ہیں کہ $AB = 6cm$، $CD = 12cm$ اور $AB \parallel CD$ ہے۔ اگر AB اور CD کے درمیان کا فاصلہ 3cm ہے تو دائرہ کا نصف قطر معلوم کیجیے۔ [سبق-15 دیکھیے]

6۔ ذیل میں دیے گئے پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) فیملی میں افراد کی تعداد اور فیملی کی آمدنی کے ضمن میں اپنے محلے/گاؤں کے 50 گھروں کا سروے کیجیے۔ [سبق-24 دیکھیے]

| فیملی کا نمبر شمار | فیملی میں افراد کی تعداد | فیملی کی سالانہ آمدنی |
|---|---|---|

| | | |
|---|---|---|
| 1 | | 1 |
| 2 | | 2 |
| | | |
| | | |
| 50 | | 50 |

(i) تعدد (فریکوئنسی) کا ذکر کرتے ہوئے فیملی کے افراد سے متعلق اعداد وشمار کو جدولی شکل میں پیش کیجیے۔

(ii) اوسط فیملی سائز کی تحسیب کیجیے۔ کتنی فیملی اوسط فیملی سائز سے اوپر ہیں؟

(iii) سب سے زیادہ آمدنی والی 10 فیملی کے لیے بار گراف بنائیے۔

(b) (i) مستطیل ABCD کی تشکیل کیجیے جس میں $AB = DC = 6cm$ اور $AD = BC = 2cm$ ہے۔

(ii) ضلع DC کے دونوں راسوں سے 1 cm کے فاصلے پر منحرف EFGH کی تشکیل کیجیے جس کا دوسرا متوازی ضلع 2 cm ہے اور DC سے 3cm کی اونچائی پر ہے۔

(iii) ایک مربع FIJG کی تشکیل کیجیے جس کے ابعاد ضلع FG کے مساوی ہیں۔

(iv) ضلع IJ کے وسطی نقطہ سے 3cm کی اونچائی پر واقع نقطہ K کو I اور J سے ملائیے۔

درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:

(a) وتر AC اور DB کی پیمائش کیجیے۔

(b) منحرف EFGH کے رقبہ کی تحسیب کیجیے۔

(c) وتر FJ اور IG کی پیمائش معلوم کیجیے۔

(d) KI اور KJ کی پیمائش معلوم کیجیے۔

(e) $\angle IKJ$ کی قدر معلوم کیجیے۔ [سبق 10، 11، 12، 13، 14 دیکھیے]

# Science and Technology
# سائنس اور ٹیکنالوجی
# (212)
# (TMA)

کل نمبر: 20


نوٹ:

(i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 60-40 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) درج ذیل ماڈل حرارتی بجلی کی پیداوار کے عمل کو ظاہر کرتا ہے۔ [سبق-14 دیکھیے]




(i) اس آلے کی شناخت کیجیے جسے I سے ظاہر کیا گیا ہے۔ اس آلے کا نام بھی لکھیے۔

(ii) دھات کی شیٹ سے جڑی ہوئی ٹینس کی گیند کو گھمایا جاتا ہے۔ وجہ بیان کیجیے۔

(iii) اس آلے کا نام بتایئے جو اس ماڈل کے ذریعے ظاہر کیے گئے اصول پر منحصر ہے۔

(iv) توانائی کی وہ شکل جسے برقی توانائی میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔ وضاحت کیجیے۔

(b) سنیل نے اپنی کار کو دھوپ میں کھڑا کر دیا اور حفاظت کے نقطہ نظر سے کار کی کھڑکیوں اور دروازوں کو مکمل طور پر بند کر دیا۔ کچھ دیر کے بعد جب اس نے کار کے دروازے کھولے تو اسے محسوس ہوا کہ کار کے اندر کا درجۂ حرارت باہر کے مقابلے بہت زیادہ ہے۔ وضاحت کیجیے کہ حرارت کے کس اثر کی وجہ سے ایسا ہوا ہے؟ اگر کار کو مکمل طور پر سفید کپڑے سے ڈھک دیا جائے تو کیا کار کے اندر درجۂ حرارت میں کوئی فرق یا تبدیلی آئے گی؟ اگر ہاں تو اس کی وضاحت کیجیے۔ [سبق-14 دیکھیے]

2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 60-40 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) سردی کے موسم میں ٹھنڈ سے بچنے کے لیے آگ کا استعمال حرارت کے طور پر کیا جاتا ہے۔ بہت زیادہ سردی کی وجہ سے ششی نے کمرہ کے درجۂ حرارت میں اضافہ کرنے کے لیے کمرے میں انگیٹھی جلائی اور کمرہ کی کھڑکیاں، دروازے سب بند کر دیے تاکہ باہر کی سرد ہوا کمرہ میں داخل نہ ہو سکے۔ کچھ دیر کے بعد اسے گھٹن محسوس ہونے لگی۔ جب کمرہ کی کھڑکی اور دروازے کھولے گئے تو کچھ سکون محسوس ہوا۔ اس واقعہ کی اصل وجہ کو بیان کیجیے۔ [سبق-26 دیکھیے]

(b) سائنس داں قدرتی طور پر پائے جانے والے آکسیجن ایٹم کی کمیت کا 1/6 ایٹمی کمیت اکائی کے طور پر منتخب کرتے ہیں۔ اس کی وجہ بیان کیجیے۔ [سبق-3 دیکھیے]

3۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 60-40 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) بیکٹیریائی خلیہ اور نباتاتی خلیہ کے ڈائیگرام بنایئے۔ ان خلیوں میں صرف ان حصوں کی نشان دہی کیجیے جو توریثی مادہ کا حامل ہے۔ [سبق-21 دیکھیے]

(b) زندگی کی ابتدا سے متعلق نظریات سے وابستہ کچھ سائنس دانوں کے نام ذیل میں دیے گئے ہیں۔ ان میں سے اس سائنس داں کی شناخت کیجیے جس نے زندگی کی ابتدا کے نظریہ کی حمایت میں تجرباتی ثبوت پیش کیے۔ [سبق-20 دیکھیے]

4۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) امریتا اپنے گھر کے نزدیک واقع ایک مربع نما باغیچے کے وسطی حصہ میں بیٹھی ہوئی ہے۔ اس باغیچے کا احاطہ 48 میٹر ہے۔ اس باغیچے کے بائیں طرف سڑک اور دوسری طرف ایک عمارت ہے۔ کچھ بچے سڑک پر پٹاخے جلاتے ہیں جس کی وجہ سے آواز پیدا ہوتی ہے۔ باغیچے میں بیٹھی ہوئی امریتا کو اس پٹاخے کی بازگشت سنائی دے گی یا نہیں۔ اپنے جواب کی وجہ بیان کیجیے۔ [سبق-18 دیکھیے]

(b) درج ذیل سرگرمی کا مشاہدہ کیجیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔ [سبق-4 دیکھیے]




(i) زنک کے دو کرسٹلوں کے درمیان دفع کی وجہ سے تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ تبدیلی کا مشاہدہ کیجیے۔

(ii) تعامل کے دوران درجۂ حرارت میں تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ درجۂ حرارت میں تبدیلی کی وجوہات کی وضاحت کیجیے۔

(iii) اگر شیشہ کی نلی کا ڈائی لیوٹ $H_2SO_4$ کے ساتھ رابطہ ہوتا ہے تو دونوں کے رابطے میں آنے کی وجہ سے تعامل میں ہونے والی کیمیائی تبدیلیوں کی وضاحت کیجیے۔

(iv) کیمیائی تعامل کے نتیجے میں پیدا ہونے والی ہائڈروجن گیس کو اکٹھا کرنے کے عمل کی وضاحت کیجیے۔

(v) پانی میں ہائڈروجن گیس کی حل پذیری اور غیر حل پذیری کے اثر کی وضاحت کیجیے۔

(vi) ہائڈروجن بھاری ہے یا ہوا؟ جواب کی وجہ بیان کیجیے۔

5۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) درج ذیل بیانات کی وجہ دلائل کے ساتھ بیان کیجیے: [سبق-12 دیکھیے]

(i) مختلف قسم کے پاور پلانٹ کے لیے مختلف قسم کی ٹربائن ہوتی ہیں۔

(ii) نیوکلیر پاور پلانٹ میں نیوکلیائی انشقاق کے عمل کو قابو میں رکھنا انتہائی ضروری ہے۔

(iii) ہائڈرو الیکٹرک توانائی، شمسی توانائی اور بادی توانائی (ہوا کی توانائی) قابل تجدید توانائی ہیں۔

(iv) سولر فوٹو وولٹائک سیلوں کا استعمال کرکے MW سے mW تک توانائی پیدا کی جاسکتی ہے۔

(b) ارتقا کے جدید تالیفی نظریہ کے مطابق قدرتی انتخاب کے مفہوم کی وضاحت کرنے والے درست فقرہ کا انتخاب کیجیے۔ [سبق-20 دیکھیے]

(i) بقائے اصلح

(ii) زندگی کی ابتدا

(iii) توافقی افادیت والے متغیر جین کی زیادہ سے زیادہ تولید

(iv) صنعتی میلانزم

6۔ ذیل میں دیے گئے پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تقریباً 500 الفاظ میں تیار کیجیے۔ 6

(a) اپنے گھر کے آس پاس سے درج ذیل اشیا جمع کیجیے۔ [سبق-4 دیکھیے]

تانبہ کا تار، سلفر، ایلیومینیم شیٹ، لوہے کی کیل، آیوڈین کرسٹل

(i) ان اشیا کی درجہ بندی دھات اور غیر دھات کے تحت کیجیے۔

(ii) لوہے کی کیل پر بھوری پرت جم جاتی ہے۔ وجہ بیان کیجیے۔

(iii) حرارت کے بہتر موصلوں کی شناخت کیجیے اور ایصالیت کی وضاحت کیجیے۔

(iv) دھاتوں کا پانی کے ساتھ تعامل بیان کیجیے۔

(v) غیر دھاتوں کا پانی کے ساتھ تعامل بیان کیجیے۔

(b) اگر پنیت اور اس کا دوست سڑک پر موٹر بائک چلاتے ہیں تو آپ دیکھیں گے کہ دونوں بائک مختلف اوقات میں مختلف مقامات پر ہیں۔ ہر ایک معاملے کے لیے پانچ مختلف اوقات میں پانچ مقامات کو نوٹ کیجیے۔ [سبق-9 دیکھیے]

(i) یکساں حرکت کے لیے مقام-وقت گراف بنائیے۔

(ii) غیر یکساں حرکت کے لیے مقام-وقت گراف بنائیے۔

(iii) مقام-وقت گراف کی مدد سے رفتار کی تحسیب کیجیے۔

(iv) 10 منٹ میں آپ کے اور آپ کے دوست کے ذریعے طے کیا گیا فاصلہ معلوم کیجیے۔

(v) جانچ کیجیے کہ کس کی چال زیادہ ہے؟

# سماجی سائنس

# Social Science

## (213)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

## (Tutor Marked Assignment )

**کل نمبر:20**

**نوٹ:**

(i) **تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔**

(ii) جوابی پرچے کے پہلے صفحہ پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے۔آئی کا نام اور مضمون کا نام لکھیں۔

**سوال:1. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) قرون وسطیٰ کے ہندوستان سے متعلق کوئی بھی دو ماڈی باقیات کی نشاندہی کریں اور وضاحت کریں کہ یہ کس طرح آپ کو اس دور کی تاریخ سمجھنے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ (دیکھیں سبق-2)

(ب) ہندوستان میں جین اور بدھ مذہب کے عروج کے لیے ذمہ دار دو عوامل کا تجزیہ کیجیے۔ (دیکھیں سبق-1)

**سوال:2. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) حیاتیاتی تنوع انسانی بقاء کے لیے بہت اہم ہے۔ اسی دلیل کی حمایت میں کسی بھی دو نکات پر بحث کیجیے۔ (دیکھیں سبق-11)

(ب) شہرکاری کی طرف تیزی سے بڑھنے کے اپنے نتائج ہیں اس قول کی روشنی میں جواز پیش کریں۔ (دیکھیں سبق-14)

**سوال:3. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) جمہوریت میں رائے عامہ کی اہمیت کا جائزہ لیجیے۔ (دیکھیں سبق-22)

(ب) قومی یکجہتی کو فروغ دینے والے کوئی بھی دو عوامل بیان کیجیے۔ (دیکھیں سبق-24)

**سوال:4. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔** **(4 نمبر)**

(الف) قرون وسطیٰ نے ہندوستان میں دو نئے مذاہب یعنی سکھ مذہب اور اسلام کو دیکھا۔ ان مذاہب نے ہمارے معاشرے کو بہت زیادہ

متاثر کیا ہے۔تجزیہ کریں۔(دیکھیں سبق-2)

(ب) ہندوستان میں کاشتکاری کی مختلف اقسام کا جائزہ لیجیے۔آپ اپنے تجزیے کی بنیاد پر تجویز کریں کہ آپ کے علاقے کے لیے کس قسم کی کاشتکاری موزوں ہوگی۔اپنی تجویز کردہ کاشتکاری کی حمایت میں کوئی بھی چار وجوہات بیان کیجیے۔(دیکھیں سبق-12)

**سوال:5. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔** **(4 نمبر)**

(الف) پنچایتی راج نظام پر 73 ویں آئینی ترمیم ایکٹ 1992 کے اثرات کا تجزیہ پیش کیجیے۔(دیکھیں سبق-18)

(ب) ہندوستانی آئین کی تمہید میں شامل آئینی اقدار کی فہرست بنایئے۔ (دیکھیں سبق-15)

**سوال:6. ذیل میں سے کسی ایک پروجیکٹ کو تیار کیجیے۔** **(6 نمبر)**

(الف) اپنے علاقے کے 10 ایسے گھرانوں کا سروے کیجیے جہاں آپ رہتے ہیں اس سروے میں تین وسیع عمر گروپوں مندرجہ ذیل فارمیٹ کی مدد سے جنس کا تناسب تلاش کیجیے۔

| نمبر شمار | وسیع عمر گروپ (عمر) | مردوں کی تعداد | خواتین کی تعداد | کل کا فیصد | | جنسی کا تناسب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | مرد | عورت | |
| 1 | 0 -14 | | | | | |
| 2 | 15 - 59 | | | | | |
| 3 | 60 + | | | | | |

ٹیبل میں دی گئی معلومات کی بنیاد پر وسیع عمر کے مطابق جنس کا تناسب معلوم کیجیے۔مختلف عمر کے گروپوں کے مطابق جنسی تناسب کا رجحان کیا ہے۔کیا یہ گھٹتا ہے؟ کیا یہ بڑھتا ہے؟ ہمارے معاشرے پر ان نتائج کے کیا اثرات ہوں گے۔جنسی تناسب کی حیثیت کے بارے میں حاصل شدہ اسی ڈیٹا کی بنیاد پر ایک رپورٹ تیار کیجیے۔(دیکھیں سبق-14)

(ب) اپنے محلّے کے 10 خاندانوں کا سروے کریں اور دو فہرست بنایئے۔

(i) ہندوستان میں انتخابات سے متعلق خدشات کی فہرست بنایئے۔

(ii) عوام کے ذریعے تجویز کردہ انتخابی اصلاحات کی فہرست بنایئے۔

اس سروے کی بنیاد پر اپنے نتائج کی وضاحت کیجیے۔(دیکھیں سبق-22)

# Economics
# معاشیات
# (214)
# (TMA)

کل نمبر: 20

نوٹ:

(i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ''وسائل کے بہت زیادہ بے جا استعمال کی وجہ سے معاشیات کی وضاحت پائیدار (قابل برقرار) ترقی کی بنیاد پر کی جاتی ہے۔'' مناسب مثال کی مدد سے اس بیان کی وضاحت کیجیے۔ [سبق-1 دیکھیے]

(b) انسانی ضروریات لامحدود اور مختلف قسم کی ہیں۔ ایک ضرورت پوری ہونے پر دوسری جنم لے لیتی ہے۔ اس بیان کی روشنی میں ضروریات کی خصوصیات بیان کیجیے۔ [سبق-2 دیکھیے]

2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ''آج کل دنیا کے اکثر ممالک نے اس معاشی نظام کو اختیار کیا ہے جو منافع کے ساتھ ساتھ سماجی فلاح کے اصول پر مبنی ہے۔'' اس بیان کی بنیاد پر معاشی نظام کی خصوصیات کی فہرست بنائیے۔ [سبق-4 دیکھیے]

(b) ''معیشت میں وسائل کا اضافہ انسان کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کی بنیاد فراہم کرتا ہے اور مرکزی مسائل کو بھی حل کرتا ہے۔'' مناسب مثال کی مدد سے اس بیان کی وضاحت کیجیے۔ [سبق-5 دیکھیے]

3۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ''بازار میں کسی شے کی قیمت کا تعین کرنے کے لیے طلب اور رسد اہم رول ادا کرتے ہیں۔'' ڈائیگرام کی مدد سے اس بیان کی جانچ کیجیے۔ [سبق-11 دیکھیے]

(b) ''آن لائن خریداری گاہکوں کے درمیان بہت مقبول ہو چکی ہے۔'' اس بیان کی روشنی میں ایک مناسب مثال کی مدد سے آن لائن خریداری میں ہونے والے اضافے کی وجوہات کی شناخت کیجیے۔ [سبق-12 دیکھیے]

4۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) پیداکار بالخصوص کاشت کاروں کے مفادات کا تحفظ کرنے کے لیے MSP کو حکومت کے انسٹرومنٹ کے طور پر تصور کیا جاتا ہے۔ گرافی اظہار کے ذریعے اس بیان کی مفصل وضاحت کیجیے۔ [سبق-13 دیکھیے]

(b) اپنے علاقے میں کسی بیمہ کمپنی کے برانچ آفس کا دورہ کیجیے۔ برانچ کے انشورنس ایگزیکیوٹیو افسر سے بیمہ پالیسی حاصل کرنے کے طریقہ کار پر گفتگو کیجیے۔ اس گفتگو کی بنیاد پر ایک مختصر رپورٹ تیار کیجیے۔ [سبق-16 دیکھیے]

5۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) مکمل مسابقتی بازار اور اجارہ داری بازار کے درمیا فرق کی وضاحت کیجیے۔ [سبق-12 دیکھیے]

(b) ہندوستانی معیشت نے آزادی سے پہلے کے عہد کے مقابلے وقت کے ساتھ ساتھ اپنی خصوصیات میں بتدریج نمایاں تبدیلیاں ظاہر کی ہیں۔ ذیل میں دی گئی خصوصیات کی بنیاد پر اس بیان کو مدلل بیان کیجیے۔ [سبق-19 دیکھیے]

(i) فی کس آمدنی کی کم تر سطح

(ii) آبادی کا بہت زیادہ دباؤ

(iii) غربت کی موجودگی

(iv) ٹیکنالوجیکل ترقی

6۔ ذیل میں دیے گئے پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تقریباً 500 الفاظ میں تیار کیجیے۔ 6

(a) ہندوستان ایک وسیع ملک ہے۔ کل آبادی کا ایک بڑا حصہ دیہی علاقوں میں آباد ہے جہاں لوگ بے روزگاری اور غربت کی وجہ سے بہت سے مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔ منریگا-2005 کے نفاذ نے اس قسم کے مسائل سے نبرد آزما ہونے کے لیے امید کی ایک نئی کرن جگائی ہے۔ منریگا-2005 پر ایک رپورٹ تیار کر کے معیشت کی موجودہ حالت میں اس کی معنویت کو ثابت کیجیے۔ [سبق-21 دیکھیے]

(b) درج ذیل نکات کے حوالے سے ''ابتدائی اور ثانوی تعلیم کے لیے اسکیمیں'' موضوع پر مختصر پروجیکٹ تیار کیجیے۔ [سبق-21 دیکھیے]

- سروشکشا ابھیان (SSA)
- اسکول میں مِڈ ڈے میل کا قومی پروگرام
- راشٹریہ مادھیامک شکشا ابھیان (RMSA)
- ثانوی سطح پر معذور بچوں کے لیے شمولی تعلیم (IEDSS)
- ساکشر بھارت

# کاروباری مطالعات

# Business Studies

## (215)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

## (Tutor Marked Assignment )

کل نمبر:20

**نوٹ:**

(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جوابی پرچے کے پہلے صفحہ پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے۔آئی کا نام اور مضمون کا نام لکھیں۔

**سوال:1. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) ''ذرائع نقل وحمل تجارت کے لیے مددگار رہے۔'' اپنے الفاظ میں اس بیان کی وضاحت کیجیے۔(دیکھیں سبق-5)

(ب) محترمہ شبینہ بھاری اشیاء اور مشینری کا کاروبار کرتی ہیں۔ وہ اپنے کاروبار کو مختلف ریاستوں میں پھیلانا چاہتی ہے۔اس کو ٹرانسپورٹ کے مختلف ذرائع کے لیے تجویز دیجیے جو اس کے لیے فائدہ مند ہوں۔ (دیکھیں سبق-5)

**سوال:2. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) اے۔ بی۔ سی کمپنی اپنی اشیاء کو بحری راستہ سے اکثر رومانیہ بھیجتی ہے۔ رومانیہ میں اس کا ایک گودام ہے جہاں مقامی گاہکوں کو فروخت کرنے کے لیے اشیا کا ذخیرہ کیا جاتا تھا۔ اے بی سی کمپنی کو اپنی اشیاء کے رومانیہ میں داخلہ کے لیے کسٹم محصولات ادا کرنے پڑتے ہیں۔ یہ وضاحت کیجیے کہ کس طرح کیے گودام کسٹم محصولات کی ادائیگی سے نمٹتے ہیں۔ (دیکھیں سبق-6)

(ب) آپ کا دوست اپنے دادا دادی کو جو ایک دوسری ریاست میں رہائش پذیر ہے پیسہ بھیجنا چاہتا ہے۔اس کو پیسہ ٹرانسفر کرنے کے مختلف طریقے کی تجویز دیجیے۔ (دیکھیں سبق-8)

**سوال:3. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) ''نجی آپریٹر بھی کوریئر سروس'' بھی فراہم کرتے ہیں۔ کن ہی دو آپریٹروں کے نام بتایئے اور اپنے الفاظ میں ''نجی آپریٹروں'' اور پوسٹ آفس: ،کوریئر سروسوں کے درمیان فرق کی وضاحت کیجیے۔ (دیکھیں سبق-8)

(ب) ویلیو چین(Value Chain) میں کے۔پی۔او(K.P.O) بی۔پی۔او(B.P.O) کی ترقی یافتہ شکل ہے۔کیا آپ اس بیان سے اتفاق کرتے ہیں؟ (دیکھیں سبق-11)

**سوال:4. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔** **(4 نمبر)**

(الف) سبھی بزنس انٹرپرایز زاشیا کی خرید وفروخت سے تعلق رکھتے ہیں۔اپنے الفاظ میں خرید وفروخت کے تصور کی وضاحت کیجیے۔ (دیکھیں سبق-12)

(ب) مسٹر راکیش اپنی زندگی میں ایک کامیاب سیلز مین بننا چاہتے ہیں۔ان کے لیے ان خوبیوں کی وضاحت کیجیے جو ہر سیلز مین میں ہونی چاہیے۔(دیکھیں سبق-16)

**سوال:5. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔** **(4 نمبر)**

(الف) مسٹر کوشک بڑے پیانے پر خوردہ تجارت کرنا چاہتے ہیں جس میں وسیع اقسام کی اشیاء کو ایک ہی عمارت سے فروخت کیا جا سکے۔اس طرح کے اسٹور کی اقسام کی مثالیں دے کر وضاحت کیجیے۔(دیکھیں سبق-14)

(ب) آپ اس بات سے واقف ہیں کہ سپلائی کی قلت کی وجہ سے اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ ہوسکتا ہے دوسری طرف پیداوار اور سپلائی میں افراط اشیاء کی قیمتوں میں گراوٹ کا سبب بھی بن سکتی ہے۔اس بات کی وضاحت کیجیے کہ منڈی میں قیمتوں کی معمول سطح کو کس طرح برقرار رکھا جاسکتا ہے۔ (دیکھیں سبق-6)

**سوال:6. درج ذیل میں سے کسی ایک پروجیکٹ کو تیار کیجیے۔** **(6 نمبر)**

(الف) مسٹر ایکس وائی زیڈ ایک کرانہ اسٹور چلا رہے ہیں۔کیا آپ کے خیال میں اشیاء کی فروخت میں اضافہ کے لیے سیلز پروموشن ضروری ہوتا ہے؟ اگر ہاں تو وضاحت کیجیے کہ کیوں اور کس طرح؟ (دیکھیں سبق-16)

(ب) کسی بھی اخبار کا مطالعہ کیجیے اور اس کے مضامین اور اشتہارات سے ان اشیاء کی دریافت کیجیے جو انٹرنیٹ شاپنگ کے ذریعہ فروخت کی جارہی ہوں۔انٹرنیٹ خریداری کے فوائد اور نقصانات کی وضاحت کیجیے۔ (دیکھیں سبق-16)

# ہوم سائنس

# Home Science

## (216)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

## (Tutor Marked Assignment )

کل نمبر:20

**نوٹ:**

(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جوابی پرچے کے پہلے صفحہ پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے۔آئی کا نام اور مضمون کا نام لکھیں۔

**سوال:1. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) عام کہاوت ہے ''صحت ہی دولت ہے''۔ دو وجوہات بتا کر اچھی صحت کی اہمیت کا جواز پیش کیجیے۔ (دیکھیں سبق-7)

(ب) کیا آپ مانتے ہیں کہ سماجی صحت اچھی صحت کا ایک اہم پہلو ہے؟ ان خصوصیات کو بیان کیجیے جو اچھی سماجی صحت کی عکاسی کرتی ہیں۔ (دیکھیں سبق-7)

**سوال:2. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) اپنے گھر کا تنقیدی جائزہ لیجیے اور اس میں موجودہ دو ایسے ممکنہ حصوں کی نشاندہی کیجیے جہاں حادثات واقع ہو سکتے ہیں۔ (دیکھیں سبق-13)

(ب) کھانا پکانے کے دوران کپڑوں میں آگ لگنے کے حادثات اکثر ہوتے رہتے ہیں۔ کوئی دو ایسے مناسب طریقے بیان کیجیے جن کی مدد سے ان حادثات سے بچا جا سکتا ہے۔ (دیکھیں سبق-13)

**سوال:3. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) بے بی رتنا کی عمر 8 ماہ ہے، اس مرحلے کے دوران اس کی ایک ایسی سرگرمی بیان کیجیے جس کی وجہ پختگی ہے اور ایک ایسی سرگرمی جو سیکھنے

کی وجہ سے ہوسکتی ہے۔ بیان کیجیے۔ (دیکھیں سبق-18)

(ب) وراثت میں ملنے والی دوصفات اور دو ایسی صفات کی فہرست بنائیے جو آپ نے ماحول کی مدد سے سیکھی ہیں؟ (دیکھیں سبق-18)

**سوال:4. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ (4 نمبر)**

(الف) ریشوں کی شناخت نظر اور احساس سے کی جاسکتی ہے۔ درج ذیل ریشوں کو ظاہری شکل، چھونے، برقرار رکھنے کے لیے ضروری دیکھ بھال کی فہرست بنائیے۔

☆ کپاس

☆ اون

☆ ریشم

☆ نائلون

(دیکھیں سبق-10)

(ب) بنائی کیا ہے؟ بناوٹ کی دو خصوصیات لکھیں۔ بنائی اور نٹنگ میں کیا فرق ہے؟ (دیکھیں سبق-10)

**سوال:5. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ (4 نمبر)**

(الف) انسانی وسائل غیر انسانی وسائل سے کس طرح مختلف ہیں؟ ایسے دو انسانی اور غیر انسانی وسائل کی فہرست تیار کیجیے جو آپ کے پاس موجود ہیں۔ اپنے دوست کو ان وسائل کو موثر طریقے سے استعمال کرنے کے لیے کوئی دو تجاویز بھی پیش کیجیے۔ (دیکھیں سبق-16)

(ب) آپ اپنے خاندان کے لیے کسی پہاڑی اسٹیشن کے سفر کا منصوبہ بنائیے۔ مینجمنٹ کے چار مراحل کا استعمال کرتے ہوئے آپ جو اقدامات اٹھائیں گے ان کی فہرست تیار کیجیے۔

**سوال:6. درج ذیل میں سے کسی ایک پروجیکٹ کو تیار کیجیے۔ (6 نمبر)**

(الف) مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دے کر اپنی زندگی میں خوراک کی اہمیت کو واضح کریں۔

(i) خوراک کے کوئی بھی دو کام بتائیے جو زندگی کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری و اہم ہیں، ساتھ ہی کسی بھی دو غذائی اجزاء کی خصوصیات کا بھی بیان کیجیے جو ہمارے جسم کے لیے ضروری ہیں۔

(ii) پانچ فوڈ گروپس کا استعمال کرتے ہوئے اپنے لیے ایک دن کا ڈائٹ پلان بنائیے۔ (دیکھیں سبق-2 اور 3)

(ب) 0-5 سال کے کسی بچے کا مشاہدہ کیجیے۔

(i) چار عوامل کے ان اثرات کو تفصیل سے بیان کیجیے جو آپ بچے کی جسمانی نشو ونما کے لیے بہت ضروری سمجھتے ہیں۔

(ii) آپ کی نظر میں فرد کے لیے زیادہ اہم کیا ہے؟ وراثت یا ماحول؟ مثالیں دے کر وضاحت کیجیے۔ (دیکھیں سبق-18)

# نفسیات

# Psychology

## (222)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

## (Tutor Marked Assignment )

کل نمبر:20

**نوٹ:**

(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جوابی پرچے کے پہلے صفحہ پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے۔آئی کا نام اور مضمون کا نام لکھیں۔

**سوال:1. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ (2 نمبر)**

(الف) فرد کی نشوونما پر مختلف عناصر اثر انداز ہوتے ہیں۔ ایسے کم از کم دو عناصر بتایئے جو فرد کی کل نشوونما پر اثر انداز ہوتے ہوں۔ (دیکھیں سبق-9)

(ب) غریبی تقریباً ہر سماج کے لیے بڑا مسئلہ ہے اس لیے کہ اس کے خوفناک نتائج ہوتے ہیں۔ غریبی کی ان اقسام پر روشنی ڈالیے جو کسی سماج میں موجود ہوتی ہیں۔ (دیکھیں سبق-16)

**سوال:2. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ (2 نمبر)**

(الف) زندگی کے ہر میدان کے لیے یوگا کارآمد ہے۔ زندگی کے مختلف شعبوں میں یوگا کے استعمال کی شناخت کیجیے۔ (دیکھیں سبق-25)

(ب) مقامی/ ریاستی/ قومی سطح کے ان اداروں کی شناخت کیجیے جو آپ کے آس پاس کے علاقہ میں خصوصی تربیت فراہم کرتے ہیں اور درج ذیل ٹیبل کے مطابق ان کی زمرہ بندی کیجیے۔ (دیکھیں سبق-21)

| نمبر شمار | ادارے کی قسم | مقامی | ریاستی | قومی |
|---|---|---|---|---|
| 1 | پولی ٹیکنیک | | | |
| 2 | مراسلتی ادارہ | | | |
| 3 | پیشہ وارانہ ادارہ | | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4 | دستکاری تربیتی اسکول | | | |
| 5 | کمرشیل ادارہ | | | |
| 6 | خصوصی تربیت کا ادارہ | | | |

**سوال:3. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) پتن جلی، یوگا کے آٹھ سوتروں کو یوگا کے اندرونی اور خارجی زمروں میں تقسیم کرتی ہے۔ یوگا کے اندرونی اور خارجی پہلو کی شناخت کیجیے۔ (دیکھیں سبق-25)

(ب) جذبات ایک تواتر کی طرح ہیں، ہمیں زندگی میں مثبت اور منفی جذبات کا سامنا کرنا ہوتا ہے۔لیکن ہماری خواہش زیادہ سے زیادہ مثبت جذبات کے لیے ہوتی ہے۔اس کی وضاحت کیجیے کہ ہم مثبت جذبات کی خواہش کیوں رکھتے ہیں۔اپنے جواب کی تائید موزوی اسباب کی بنا پر کیجیے۔ (دیکھیں سبق-17)

**سوال:4. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔** **(4 نمبر)**

(الف) انسان کے اندر تجسس کا مادّہ ہمارے اردگرد ہونے والے مختلف واقعات کی وجہ دریافت کرنے پر اکساتا ہے۔روزمرّہ کی زندگی سے مثالوں کا استعمال کرتے ہوئے اس بات کی وضاحت کیجیے کہ نفسیات، عام آدمی کے رویہ کی افہام اور تفہیم سے کس طرح مختلف ہے؟ (دیکھیں سبق-1)

(ب) تخلیقی صلاحیت ہی تمام ایجادات اور دریافتوں کا شاخسانہ ہے۔''آرکیمڈیز کے اصول'' کی چھان بین کیجیے اور اس دریافت میں تخلیقی صلاحیت کے مراحل کی شناخت کیجیے۔ (دیکھیں سبق-7)

**سوال:5. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔** **(4 نمبر)**

(الف) ان گروپوں کی شناخت کیجیے جن کا آپ حصہ ہیں اور ان گروپوں کی ایک فہرست تیار کیجیے۔اس بات کی وضاحت کیجیے کہ یہ گروپ ایک دوسرے سے کس طرح مختلف ہیں اور ایک ممبر کی حیثیت سے ان گروپوں میں آپ کا اشتراک کس طرح مختلف ہے؟ (دیکھیں سبق-13)

(ب) ہمارا جسم اور دماغ ایک اکائی کے دو حصہ ہیں۔اگر جسم صحت مند رہتا ہے تو دماغ بھی چاق و چوبند، مستعد اور پر جوش رہتا ہے، ورنہ اس کے برعکس ہوتا ہے۔جسم اور دماغ کے تعلق پر تبصرہ کیجیے اور صحت مند جسمانی، دماغی تعلق کو برقرار رکھنے کے تین طریقے بتائیے۔ (دیکھیں سبق-24)

**سوال:6. درج ذیل میں سے کسی ایک پروجیکٹ پر کام کیجیے۔** **(6 نمبر)**

(الف) صفحہ نمبر 56 پر ایک ہندی مدت جانچ (سرگرمی۔1) دی گئی ہے۔اس ٹیسٹ کو کم از کم سات افراد پر کیجیے اور اس ڈیٹا کو درج کیجیے۔کیا درج شدہ ڈیٹا 2 + 7 کا جادوئی نمبر جمع شدہ ڈیٹا کے لیے صحیح ہے؟ جادوئی نمبر نظریے کی روشنی میں جمع شدہ ڈیٹا کی نوعیت پر تبصرہ کیجیے۔(دیکھیں سبق-6)

(ب) آپ کے علاقہ میں ایک یوگا کیمپ منظّم کیا جا رہا ہے۔آپ کو ماورائی مراقبے کی مشق کے پہلو پر واقفیت پھیلانے کے لیے ایک مقرر کے طور پر مدعو کیا جاتا ہے۔متذکرہ موضوع پر ایک ایسی تقریر تیار کیجیے۔جو سماج کے سبھی طبقات کے لیے معلوماتی اور آسان فہم ہو۔ (دیکھیں سبق-27)

# ہندوستانی ثقافت اور وِرثہ

# Indian Culture and Heritage

## (223)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**(Tutor Marked Assignment )**

کل نمبر:20

**نوٹ:**

(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جوابی پرچے کے پہلے صفحہ پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے۔آئی کا نام اور مضمون کا نام لکھیں۔

**سوال:1. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) ثقافتی شناخت پر ایک مختصر نوٹ لکھیے ۔(دیکھیں سبق-2)

(ب) قدیم زمانے میں نالندہ یونیورسٹی ایک عظیم تعلیمی مرکز کے طور پر کس طرح ابھری؟ (دیکھیں سبق-6)

**سوال:2. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) شروتی اور اسمرتی کے درمیان فرق واضح کریں۔(دیکھیں سبق 8)

(ب) قرون وسطیٰ کے زمانے میں بھکتی تحریک پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔ (دیکھیں سبق-9)

**سوال:3. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) سلاطین دہلی کے دورِ حکومت میں یادگاری عمارتوں کی تعمیر کے بارے میں مختصراً بیان کیجیے۔ (دیکھیں سبق-13)

(ب) قدیم ہندوستان میں ریاضی کے میدان میں ہوئی تین اہم اشتراک کا جائزہ لیجیے۔ (دیکھیں سبق-14)

**سوال:4. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔** **(4 نمبر)**

(الف) علم فلکیات کے میدان میں آریہ بھٹ کے اشتراک کے بارے میں ذکر کیجیے۔ (دیکھیں سبق-15)

(ب) قرون وسطیٰ کے ہندوستان میں رونما ہوئی ''بھکتی تحریک'' پر روشنی ڈالیے۔ (دیکھیں سبق-9)

**سوال:5. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔** **(4 نمبر)**

(الف) ہندوستانی سماج کے موجودہ ڈھانچے میں ''خواتین کی برابری'' کا جائزہ لیجیے۔ (دیکھیں سبق-20)

(ب) بقائے باہمی کا تصور اب صرف ملک کی جغرافیائی حدود یا سیاست تک محدود نہیں رہا۔ اپنی رائے پیش کیجیے۔ (دیکھیں سبق-20)

**سوال:6. درج ذیل میں سے کسی ایک پروجیکٹ کو تیار کریں۔** **(6 نمبر)**

(الف) آپ کے علاقے میں کام کر رہی تین مختلف سیکٹر تنظیموں کی فہرست تیار کیجیے۔ ہر تنظیم کے بنیادی مقاصد اور افعال کا پتہ لگا کر نیچے بنائی گئی جدول کی مانند ایک جدول بنائیں جس سے یہ بات واضح ہو جائے کہ کوئی شخص کسی تنظیم میں شامل ہونا پسند کرے گا اور کیوں؟

| نمبر | تنظیم کا نام | اہم مقاصد | کام |
|---|---|---|---|

(ب) ذیل میں دی گئی ٹیبل کے مطابق ویدک اور مابعد ویدک ادب پر ایک تفصیلی رپورٹ بنائیے۔

| نمبر | متن کا نام | وقت | مجوزہ مضمون |
|---|---|---|---|

(دیکھیں سبق-6)

# Accountancy
# کھاتہ داری
# (224)
# (TMA)

کل نمبر: 20

نوٹ:

(i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) کاروباری اور غیر کاروباری لین دین کی دو دو مثالیں پیش کیجیے۔ [سبق-1 دیکھیے]

(b) ان مقاصد کے بارے میں بتائیے جن کے لیے پونجی ریز رو کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔ [سبق-13 دیکھیے]

2۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) مجازی (خیالی) تفصیلات کی بنیاد پر ایک مہینے کے لیے فروخت جرنل تیار کیجیے۔ [سبق-9 دیکھیے]

(b) بندوبست کی تشکیل کس مقصد کے لیے کی جاتی ہے؟ [سبق-13 دیکھیے]

3۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) اپنے دوستوں کے ساتھ گفتگو کیجیے اور گزشتہ ماہ کی بچت کی فہرست بنائیے۔ مناسب وجوہات بیان کرتے ہوئے انھیں بندوبست اور ریزرو کے تحت علاحدہ کیجیے۔ [سبق-13 دیکھیے]

(b) ''اثاثہ کے طور پر کاروبار کے پاس جو کچھ بھی ہے اسے مالک یا باہری لوگوں کے ذریعے فائنانس کیا جاتا ہے۔'' مناسب مثال کی مدد سے اس بیان کی وضاحت کیجیے۔ [سبق-10 دیکھیے]

4۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) فرض کیجیے کہ آپ ایک کریانہ دکان کے مالک ہیں۔ ایک ہفتہ کے دوران خریدی گئی اور فروخت کی گئی اشیا کی فہرست تیار کیجیے۔ سبھی لین دین کو مناسب بہیوں میں درج کیجیے۔ [سبق-6 دیکھیے]

(b) مختلف تنظیموں کے دو ملازمین کے ساتھ تبادلہ خیال کیجیے اور وضاحت کیجیے کہ حساب داری (Accounting) کس طرح مفید ہے؟ [سبق-1 دیکھیے]

5۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) درج ذیل کی بنیاد پر حسابی مساوات تیار کیجیے۔

(i) شوانی نے 1,600000 روپے نقد رقم کے ساتھ کاروبار شروع کیا۔

(ii) اس نے نقد میں فرنیچر خریدا 1,60000 روپے

(iii) اس نے کرایہ ادا کیا 16000 روپے

(iv) اس نے قرض پر سامان خریدا 2,40000 روپے

(v) اس نے نقد کے لیے 160000 روپے کا سامان 400000 روپے میں فروخت کیا۔ [سبق-4 دیکھیے]

(b) شری رابرٹ نے 1 جنوری 2011 کو 100000 روپے نقد پونجی کے ساتھ کاروبار شروع کیا۔ اسی تاریخ کو انھوں نے ABC بینک میں کھاتہ کھولا اور اس میں 20000 روپے جمع کیے۔ جنوری ماہ 2011 میں درج ذیل لین دین ہوئے:

1 جنوری نقد سامان خرید ا گیا 70000 روپے

2 جنوری اسٹیو کمپنی کو مال فروخت کیا (کریڈٹ) 38000 روپے

15 جنوری نقد مال فروخت کیا 9000 روپے

21 جنوری اسٹیو کمپنی نے چیک کے ذریعے ادائیگی کی 35000 روپے

22 جنوری اسٹیشنری بل بذریعہ چیک ادا کیا گیا 2000 روپے

22 جنوری ٹیلی فون بل ادا کیا گیا بذریعہ نقد 500 روپے

31 جنوری کرایہ ادا کیا بذریعہ نقد 2000 روپے

تنخواہ کی ادائیگی 3000 روپے

ذاتی استعمال کے لیے 5000 روپے نقد نکالے

جرنل میں اندراجات کیجیے اور انھیں لیجر میں پوسٹ کیجیے۔ [سبق-10 دیکھیے]

6۔ ذیل میں دیے گئے پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تقریباً 500 الفاظ میں تیار کیجیے۔ 6

(a) کیش بُک 7800 روپے کا بیلنس ظاہر کرتی ہے۔ پاس بُک کے ساتھ کیش بُک کا موازنہ کرنے پر درج ذیل فرق نظر آیا۔

(i) بینک میں جمع کیا گیا چیک کریڈٹ نہیں ہوا، 3000 روپے

(ii) چیک جاری کیا گیا لیکن ادائیگی کے لیے ابھی تک پیش نہیں کیا گیا، 1500 روپے

(iii) بینک کے ذریعے ادا کیا گیا انشورنس پریمیم، 2000 روپے

(iv) بینک کے ذریعے کریڈٹ کیا گیا سود، 400 روپے

(v) بینک چارجز، 100 روپے

(vi) گاہک کے ذریعے براہ راست جمع کیے گیے، 4000 روپے [سبق-8 دیکھیے]

(b) اپنے دوست کے ساتھ گفتگو کر کے ہارڈ ویئر ضروریات اور ٹیلی سافٹ ویئر کو کھولنے کے اہم مراحل لکھیے۔ Tally ERP 9.0 پر ایک کمپنی بنائیے اور اس کمپنی کے اسکرین شاٹ کے پرنٹ آؤٹ منسلک کیجیے۔ [سبق-17 دیکھیے]

# پینٹنگ

# Painting

## (225)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

## (Tutor Marked Assignment )

کل نمبر:20

**نوٹ:**

(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جوابی پرچے کے پہلے صفحہ پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے۔آئی کا نام اور مضمون کا نام لکھیں۔

**سوال:1. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) تاثریت امپریشنزم تحریکیں کی فنکارانہ حرکتیں کس چیز کی علامت ہیں؟ اس تحریک کے بارے میں مختصراً لکھیے۔ (دیکھیں سبق-6)

(ب) امپریشینٹ (تاثریت پسند) کے ذریعے پینٹنگ ڈانس کلاس کے مختلف اسٹائلسٹک موؤمنٹ نظریات میں فرق کیجیے۔ (دیکھیں سبق-6)

**سوال:2. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) اڑیسہ کے بہترین فنِ تعمیر میں سے کسی ایک کے بارے میں مختصراً بیان کیجیے۔ (دیکھیں سبق-6)

(ب) فنکاروں نے ''کلپ سوتر'' پینٹنگ کے لیے کون سے موضوعات کا انتخاب کیا ہے؟ (دیکھیں سبق-3)

**سوال:3. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) ''اس نے لامتناہی حیرت انگیز پانی کے باغ کو پینٹ کیا'' وہ کون ہے؟ اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔ (دیکھیں سبق-6)

(ب) پال میزان کو کن یورپی طرزوں نے سب سے زیادہ متاثر کیا؟ ان کی انفرادیت پر تذکرہ کیجیے۔ (دیکھیں سبق-6 اور 3)

**سوال:4. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 150-100 الفاظ میں دیجیے۔** **(4 نمبر)**

(الف) کس نے انتہائی حقیقت پسندانہ شکلیں غیر حقیقت پسندانہ انداز میں تالیف کی؟ وضاحت کیجیے۔ (دیکھیں سبق-6 اور 3)

(ب) مشہور پینٹنگ ''شرنگار'' کا مطالعہ کیجیے۔ یہ پینٹنگ روشنی اور سائے کے موثر استعمال کو کیسے دکھاتی ہے؟ (دیکھیں سبق-3)

**سوال:5. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 150-100 الفاظ میں دیجیے۔** **(4 نمبر)**

(الف) پینٹنگ ''کلپ سوتر'' کے مصور کے کردار کی وضاحت کیجیے۔ جین مختصر طرز پر ایک نوٹ لکھیے۔ (دیکھیں سبق-3)

(ب) ہندوستانی عوامی آرٹ میں مختلف رسمی فن کی وضاحت کیجیے۔ (کم از کم چار) (دیکھیں سبق-4)

**سوال:6. درج ذیل میں سے کسی ایک پروجیکٹ کو تیار کیجیے۔** **(6 نمبر)**

(الف) آپ روایتی فرش پینٹنگ 'الپنا' اور 'کولام' سے ترغیب وتحریک لے سکتے ہیں۔ چاول پاؤڈر لے کر اسے پانی سے پتلا کیجیے، اب اپنی انگلیوں کی مدد سے فرش پر ایک ڈیزائن بنایئے۔ ان شکلوں اور نقشوں کے بارے میں لکھیے جو آپ نے اسی ڈیزائن میں استعمال کیے ہیں۔ اب اس کی تصویر کھینچے۔ اسی کو ڈیزائن کر کے کاغذ پر چسپاں کر دیجیے۔

(ب) تناظر کے بارے میں اپنے علم کا استعمال کرتے ہوئے سڑک پر دس لیمپ پوسٹ بنایئے اپنی ڈرائنگ میں افقی لکیر اور غائب ہونے والے نقطے کا ذکر کرنا نہ بھولیں۔

# ڈیٹاانٹری آپریشنز

# Data Entry Operations

## (229)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**(Tutor Marked Assignment )**

کل نمبر:20

**نوٹ:**

(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جوابی پرچے کے پہلے صفحہ پر اپنا نام، اندراج نمبر، اے۔آئی کا نام اور مضمون کا نام لکھیں۔

**سوال:1. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ (2 نمبر)**

(الف) شیکھر ''Notation' کے نام سے ایک نیا فولڈر بنانا چاہتا ہے، مگر غلطی سے اسی فولڈر کا نام ''نوٹس'' لکھ دیتا ہے۔ فولڈر کا نام نوٹس سے نوٹیشنز تبدیل کرنے کے طریق کار کو سمجھائیے۔ (دیکھیں سبق-2)

(ب) راج خود کمپیوٹر ہارڈ ویئر کے پرزوں کو مارکیٹ سے خرید کر اسمبل کرنا چاہتا ہے۔ کمپیوٹر کو اسمبل کرنے کے لیے ضروری چار پرزوں کے نام بتائیے۔ اسمبل کرنے کے بعد کمپیوٹر میں انسٹال کرنے کے لیے سب سے پہلے ذیل میں دی گی فہرست میں موجود کون سا سافٹ ویئر درکار ہوگا؟ (دیکھیں سبق-2)

(i) ڈرائیور سافٹ ویئر

(ii) آپریٹنگ سسٹم

(iii) ورڈ پروسیسر

(iv) اینٹی وائرس سافٹ ویئر

**سوال:2. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) شروتی اپنے کمپیوٹر میں فائلوں، فولڈرز اور اسٹوریج ڈیوائز کی درجہ بندی کی فہرست جاننا چاہتی ہے۔ اسے ان فائلوں اور فولڈرز کو تفصیل سے دیکھنے کے لیے اقدامات تجویز کریں۔ (دیکھیں سبق-2)

(ب) درج ذیل ''کی بورڈ'' کی شارٹ کٹ کیز بتائیے۔

(i) پیج بریک (Page Break)

(ii) سکرپٹ (Script)

(iii) پچھلے سیل پر جائیں۔

(iv) ڈبل انڈر لائن (دیکھیں سبق-3)

**سوال:3. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔** **(2 نمبر)**

(الف) راہل نے ایک دستاویز بنایا ہے، اسی دستاویز کو وہ دوسروں سے محفوظ رکھنا چاہتا ہے۔ اس کی حفاظت کے لیے راہل کو کیا اقدامات اٹھانے چاہیں۔ (دیکھیں سبق-3)

(ب) ورک شیٹ اور ورک بک کے درمیان فرق واضح کیجیے۔ (دیکھیں سبق-6)

**سوال:4. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔** **(4 نمبر)**

(الف) ٹائپنگ اسکرین آبجیکٹ، انسرشن پوائنٹ، ماؤس پوائنٹر اور دستاویز کے اختتام مارکر کی وضاحت کیجیے۔ (دیکھیں سبق-3)

(ب) فریز پین کے استعمال کے فوائد کے بارے میں بتائیے ساتھ ہی ایسا کرنے کے لیے ضروری اقدامات بھی بیان کیجیے۔ (دیکھیں سبق-6)

**سوال:5. درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔** **(4 نمبر)**

(الف) راہل اپنے کمپیوٹر میں ایک سافٹ ویئر انسٹال کرنا چاہتا ہے۔ سافٹ ویئر انسٹال کرنے میں اس کی مدد کریں اور انسٹالیشن کے عمل میں اس کی مدد کیجیے۔ مگر راہل نے سافٹ ویئر انسٹال کرنے میں کچھ غلطی کر دی اور اب وہ انسٹال شدہ پروگرام کو ہٹانا چاہتا ہے۔ سافٹ ویئر انسٹال کرنے کے اقدامات کی فہرست بنائیے۔ (دیکھیں سبق-2)

(ب) ریچ ریکروٹمنٹ کمپنی کی ایچ۔ آر منیجر سواتی نے امیدواروں کے انتخاب کے لیے سوانحی کوائف ایک اسپریڈ شیٹ میں محفوظ کر لیے، جونیئر انجینئر کے عہدے کے لیے 15 امیدوار ہیں۔ چار امیدواروں کے انٹرویو کے لیے راؤنڈس کا انعقاد کیا گیا۔ اسپریڈ شیٹ میں لیے گئے ہر دور کے انٹرویو کا ذخیرہ فیچر خفیہ طور پر کرنا چاہتا ہے۔ اسی کی ورک بک کو محفوظ رکھنے کے مختلف طریقوں کی وضاحت کیجیے۔ (دیکھیں سبق-6)

سوال:6. درج ذیل میں سے کسی ایک پروجیکٹ کو تیار کیجیے۔ (6 نمبر)

| | A<br>(الف) | B<br>(ب) |
|---|---|---|
| 1 | پے رول | |
| 2 | تاریخ | |
| 3 | ای۔ایم۔پی نمبر | ای۔ایم۔پی نام |
| 4 | E001 | راہل |
| 5 | E002 | شیکھر |
| 6 | | سنگیتا |

جیسا کہ اوپر دیے گئے ٹیبل میں دکھایا گیا ہے ایک نئی ورک بک بنایئے اور فائل کو ''پے رول'' کے طور پر محفوظ کریں۔

(i) مطلوبہ سیل کے عین مقامات پر لیبلز اور قدریں درج کیجیے۔

(ii) ملازم کا نمبر A4, A8 سیل میں ڈالنے کے لیے آٹو فل کا استعمال کیجیے۔

(iii) کالموں کی چوڑائی اور قطاروں کی اونچائی مناسب طریقے سے سیٹ کیجیے۔

(iv) لیبل کی سیدھ (صف بندی) کو مناسب طریقے سے سیٹ کیجیے۔

(v) وارپ (warp) ٹیکسٹ استعمال کیجیے اور سیلز کو حسب خواہش ضم کریں۔

(vi) میز پر بارڈر، گرڈ لائن اور شیڈ نگ حسب خواہش لگایئے۔

(vii) B2 سیل کو مختصر تاریخ کی شکل میں فارمیٹ کیجیے۔

(viii) ملازم کی مجموعی تنخواہ کا حساب لگایئے۔

(xi) ورک شیٹ کو صفحہ پر عمودی اور افقی طور پر سیٹ کریں۔

(x) اپنے کام کو محفوظ کیجیے۔ (دیکھیں سبق-6)

(ب) انوپ کو اس کے استاد نے ہدایت دی ہے کہ وہ ایک دستاویز بنانے کے معاملے میں ایک نئے دستاویزی طریق کار کا اہتمام کریں۔ اسی دستاویز میں مواد شامل کریں اور اسے محفوظ کریں۔ دستاویز بنانے، دستاویز کو محفوظ کرنے، دستاویز میں ترمیم کرنے اور دستاویز سے باہر نکلنے کے اقدامات کو سمجھایئے۔ (دیکھیں سبق-3)